10 ستمبر 2015ء

<u>مالی سال 16ء کے پہلے دومہینوں میں کارکنوں کی ترسیلات زر 5.42 فیصد بڑھ کر 3.1 ارب ڈالر ہوگئیں</u>

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے مالی سال 16ء کے پہلے دو ماہ (جولائی اور اگست) کے دوران 3190.67 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جس سے م س 15ء کے اسی عرصے میں بھجوائی گئی رقم 3026.63 ملین ڈالر کے مقابلے میں 5.42 فیصد کی نمو ظاہر ہوتی ہے۔

اگست 2015ء کے دوران 1527.06 ملین ڈالر وطن بھجوائے گئے جو جولائی 2015ء کی رقم سے 8.21 فیصد اور اگست 2014ء سے 13.04 فیصد زیادہ ہے۔ بلحاظ ملک ترسیلات زر کی تفصیلات سے ظاہر ہوتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 483.29 ملین ڈالر، 319.15 ملین ڈالر، 199.57 ملین ڈالر، 206.29 ملین ڈالر، 193.75 ملین ڈالر، اور 27.75 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ اگست 2014ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 396.9 ملین ڈالر، 286.69 ملین ڈالر، 212.94 ملین ڈالر، 176.19 ملین ڈالر، 153.85 ملین ڈالر اور 33.33 ملین ڈالر تھیں۔ اگست 2015ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 97.26 ملین ڈالر رہیں جبکہ اگست 2014ء میں ان ملکوں سے موصولہ رقم 90.96 ملین ڈالر تھی۔

☆☆☆